ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز((498

15.10.25

**بہاول پور(        )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد حسن اقبال کی کمانڈ میں بہاولپور پولیس کا سماج دشمن عناصر کے خلاف گرینڈ آپریشن جاری، گزشتہ دو ہفتوں کی مختلف کارروائیوں میں 124ملزمان گرفتار۔بھاری مقدار میں شراب،منشیات اور اسلحہ ناجائز برآمد۔جرائم پیشہ افراد کے خلاف جاری آپریشن کو مزید تیز کیا جارہاہے،ڈی پی او محمد حسن اقبال**

تفصیلات کے مطابق بہاول پور پولیس نے گزشتہ دو ہفتوں کے دوران ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کاروائیاں کرتے ہوئے 39مقدمات درج کرکے 39ملزمان کو گرفتار کیا۔ گرفتار ملزمان سے کلاسنکوف 01عدد، رائفل 02عدد، بندوق 04عدد، ریپیٹر 03 عدد، ریوالور 01عدد، کابین 01عدد، پسٹل 26عدد اور 113راونڈ قبضہ پولیس میں لئے گئے۔ اسی طرح منشیات فروشوں کے خلاف بھرپور کارروائیاں عمل میں لاتے ہوئے 41ملزمان کو گرفتار کرکے ان کے قبضہ سے 38 کلو گرام سے زائد چرس،2100 گرام ہیروئن، 01 کلو 812 گرام کرسٹل آئس اور 15000 گرام بھنگ برآمد کی۔اسی طرح شراب فروشوں کے خلاف گھیرا تنگ کرتے ہوئے بہاولپور پولیس نے 44مقدمات درج کرکے ملوث 44ملزمان کو گرفتار کرکے ان کے قبضہ سے 1638 لیٹر شراب، 70لیٹر لہن اور 02عدد چالو بھٹیاں برآمد کیں۔ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد حسن اقبال نے ایس ایچ اوز کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ منشیات فروشوں کے خلاف مزید موثر کارروائیاں عمل میں لائی جائیں تاکہ معاشرے کو ایسے عناصر سے پاک کیا جاسکے۔منشیات فروشی ایک لعنت ہے۔ جس کو معاشرے سے ختم کرکے ہی دم لیں گے۔

ترجمان بہاولپور پولیس



بہاول پور پولیس کی گزشتہ دو ہفتوں میں منشیات فروشوں اور اسلحہ ناجائز رکھنے والوں کے خلاف کارروائیاں، 124ملزمان گرفتار